NSW GOVERNMENT | Education & Communities

# Getting ready for school

A guide for parents of a child with disability

# سکول کیلئے تیار ہونا

## معذور بچوں کے والدین کیلئے ایک گائیڈ







Urdu



Kindergarten کا آغاز ہر  بچے کی زندگی کا ایک خوش کن مرحلہ ہوتا ہے۔ اپنے بچے کیلئے سکول کا انتخاب کرنا ایک بڑا فیصلہ ہوتا ہے اور معذور بچوں کے والدین کیلئے یہ عمل زیادہ تفصیلی ہو سکتا ہے۔

یہ گائیڈ آپ کو ایسے سکول کیلئے تیاری کرنے اور سکول کے انتخاب میں مدد دینے کیلئے تیار کی گئ ہے جو آپ کے بچے کی ضروریات کو بہترین طور پر پورا کر تا ہو۔





## آغاز کہاں سے کیا جائے

- اگر آپ کا بچہ معذور ہے تو مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ اپنے بچے کے سکول شروع کرنے سے 12 ماہ پہلے اپنے مقامی سکول یا ریجنل آفس سے رابطہ کریں۔ اس طرح آپ کو تعلیم اور مدد کیلئے اپنے بچے کی مخصوص ضروریات پر متعلقہ عملے کے ساتھ بات چیت کرنے کا موقع ملے گا۔
- اگر بعض مقامات میں داخل ہونے کیلئے آپ کے بچے کی خاص ضروریات ہیں تو مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ سکول کے آغاز سے دو سال پہلے اپنے مقامی سکول یا ریجنل آفس سے رابطہ کریں۔ اس طرح ڈیپارٹمنٹ کو آپ کے بچے کیلئے سکول کی تعلیم کے مواقع کی نشاندہی کرنے اور یہ یقینی بنانے کا وقت مل جائے گا کہ بچے کے سکول شروع کرنے کے وقت ضروری تعمیر ہو چکی ہو۔
- پرنسپل سے ملاقات کیلئے جاتے ہوئے اپنے ساتھ ڈاکٹر اور تھراپسٹ کی متعلقہ تازہ رپورٹیں یا آراء ساتھ لے جائیں۔
- اپنے معاونین سے بات کریں (جیسے رشتے دار، دوست، ڈاکٹر، بچوں کا ڈاکٹر، حمایتی گروپ، معذوروں کا نیٹ ورک، فزیو تھراپسٹ، ماہر نفسیات، آکوپیشنل تھراپسٹ، سپیچ پیتھالوجسٹ) اور سکول میں دوسرے معذور بچوں کے والدین سے ان کے تجربات کے بارے میں بات کریں۔
- آپ کا پری سکول یا چھوٹے بچوں کیلئے دوسرے ادارے بھی سکول کے آغاز کے سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو ان اداروں سے مدد نہ مل رہی ہو تو آپ اپنے مقامی سکول یا ریجنل آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں جو شاید آپ کو آپ کے علاقے کے سکول پروگرام میں خصوصی آغاز مہیا کر سکیں۔ آپ اپنے گھر کے فون سے ریجنل آفس سے131 536 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## داخلے کے مختلف مواقع

- پورے NSW میں ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ کمیونٹیز (Department of Education and Communities, DEC) خصوصی ضروریات رکھنے والے طالبعلموں کی مدد کیلئے بہت سی مختلف خدمات مہیا کرتا ہے۔
- جس بچے کی معذوری مصدّقہ ہو، اس کی ماں، باپ یا دیکھ بھال کرنے والے شخص کی حیثیت سے آپ تعلیم کے مندرجہ ذیل مختلف مواقع پر غور کر سکتے ہیں:
  - آپ کا مقامی سکول
  - عام سکول میں سپیشل کلاس
  - سپیشل سکول (خصوصی مقاصد کیلئے سکول)

## صحیح سکول کا انتخاب کرنا

مسکول کا پرنسپل، سکول کی تعلیمی اور امدادی ٹیم کے ساتھ، آپ کو آپ کے بچے کی سکول کی تعلیم کیلئے درست حل تلاش کرنے میں مدد دے گا جس میں آپ کے انتخاب، سیکھنے اور مدد کے ضمن میں آپ کے بچے کی خصوصی ضروریات اور مقامی سپیشلسٹ خدمات سے نزدیکی کو مدّ نظر رکھا جائے گا۔ آپ کا مقامی ریجنل آفس بھی آپ کو آپ کے بچے کیلئے درست حل تلاش کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

## معذور بچے کو داخل کرانا

- عام کلاس میں داخلہ آپ کے مقامی سکول کے ذریعے ہوتا ہے
- سپیشل کلاس یا سپیشل سکول میں داخلہ ایک ایسی کارروائی کے ذریعے ہوتا ہے جیسے ریجنل پلیسمنٹ (داخلہ) پینل کہا جاتا ہے
- آپ اپنےگھر کے فون سے 131 536 پر اپنے ریجنل آفس سے رابطہ کر کے اس بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں.

## بہت سے مواقع میں سے کچھ مناسب مواقع چننا

- آپ یہاں دستیاب آن لائن سکول لوکیٹر استعمال کر کے اپنے مقامی سکول کا پتہ چلا سکتے ہیں: www.schools.nsw.edu.au/schoolfind/locator/ یہاں آپ سکول کی قسم پر سرچ کر کے سپیشل سکولوں کا پتہ چلا سکتے ہیں جنہیں خصوصی مقاصد کیلئے سکول کہتے ہیں لیکن یاد رکھیں کہ ان اداروں میں داخلے کیلئے کارروائی آپ کے ریجنل آفس کے ذریعے ہی ہوتی ہے۔ آپ اپنےگھر کے فون سے 131 536 پر اپنے ریجنل آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- اپنے مقامی سکول کے پرنسپل سے وقت لے کر انتخاب کے مواقع اور اپنے بچے کی خصوصی ضروریات پر بات کریں۔ کئ والدین اپنی معاونت کی خاطر کسی دوست یا رشتہ دار کو ساتھ لے جاتے ہیں۔
- اس میٹنگ میں تمام تازہ ڈاکٹری رپورٹیں اور آراء اپنے ساتھ لائیں تاکہ آپ ڈیپارٹمنٹ کے عملے کو یہ سب معلومات دے سکیں۔
- شاید آپ اپنے بچے کی تعلیمی ضروریات کے بارے میں اپنے سوالات یا پریشانیوں کی فہرست تیار کرنا بھی پسند کریں تاکہ میٹنگ میں ان پر بات کر سکیں۔



## اضافی مدد

اگر آپ کے بچے کو کوئی معذوری یا سیکھنے میں رکاوٹ ہے اور اسے سکول میں اضافی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی اپنے بچے کے سکول کے پرنسپل یا اپنے مقامی ریجنل آفس سے رابطہ کریں۔

والدین اور دیکھ بھال کرنے والے دوسرے لوگ اپنے بچوں کی خوبیوں، صلاحیتوں اور ضروریات کے بارے میں معلومات کا اہم ذریعہ ہوتے ہیں۔ والدین اور سکول کے درمیان مؤثر تعاون کے سبب طالبعلموں کیلئے بہتر نتائج کا امکان بڑھ جاتا ہے۔

ہر سکول میں سیکھنے اور معاونت کیلئے کام کرنے والی ٹیم اس غرض سے کمرۂ جماعت میں اساتذہ کی مدد کرتی ہے کہ وہ اپنے طالبعلموں کی تعلیمی ضروریات پوری کر سکیں۔ والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کو اس ٹیم کے کام میں اہم کردار ادا کرنا ہوتا ہے جو وہ اپنے بچے کی ضروریات کے ضمن میں بات چیت اور منصوبہ بندی میں شرکت کے ذریعے ادا کرتے ہیں۔

NSW کے پبلک سکول ان طالبعلموں کیلئے کئ طریقوں سے اضافی مدد مہیا کر تے ہیں جنھیں کوئی معذوری یا سیکھنے میں رکاوٹ ہو اور یہ اضافی مدد ہر طالبعلم کی انفرادی ضروریات کے مطابق ہوتی ہے۔

اس مدد میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- وہ تبدیلیاں جو اساتذہ ہر روز کمرۂ جماعت میں اپنے پڑھانے کے طریقوں اور تعلیمی پروگراموں میں کرتے ہیں
- طالبعلموں اور کمرۂ جماعت میں ان کے اساتذہ کو مدد دینے والے خصوصی اہلیت کے حامل عملے کی دستیابی
- کمرۂ جماعت میں معاون عملے کی طرف سے اضافی مدد
- خصوصی مواد اور سازوسامان کی فراہمی
- اساتذہ اور معاون عملے کیلئے خصوصی تربیت تک رسائی






## سکول سے بھرپور استفادہ کرنا

- جب آپ اپنے بچے کیلئے سکول چن لیں تو زیادہ سے زیادہ معاملات میں شریک رہیں۔ اپنے بچے کے اساتذہ اور سکول کے ساتھ ایک مثبت تعلق استوار کریں۔ اس طرح سکول کے عملے کو آپ اور آپ کے بچے کو بہتر طور پر جاننے میں مدد ملے گی۔
- اپنے بچے کے استاد سے باقاعدگی سے رابطہ رکھیں تاکہ آپ اپنے بچے کے تعلیمی پروگرام اور پیش رفت پر بات چیت کرنا جاری رکھ سکیں اور خود آپ کو یا سکول کو پیش آنے والے نئے مسائل پر بات کر سکیں۔
- اپنے گھر اور سکول کے بیچ رابطہ اور بات چیت بخوبی جاری رکھنے کے مؤثر ترین طریقے کے بارےمیں مشورہ کریں۔ ماں یا باپ کی حیثیت سے آپ ہی بچے کو سب سے زیادہ جانتے ہیں۔ اپنے بچے کے سب سے بڑے معاون بنیں۔
- اگر آپ کوسکول سے رابطہ کرنے کیلئے انٹرپریٹر (مترجم) کی مدد درکار ہو تو 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کر کے اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر سکول کو فون کرے گا اور بات چیت میں آپ کی مدد کیلئے ایک انٹرپریٹر لائن پر مہیا کر دے گا۔ جب ممکن ہو، سکول میں ہونے والی میٹنگوں کیلئے آپ کی درخواست پر سکول میں انٹرپریٹر کا بندوبست کرے گا۔ یہ خدمات آپ کیلئے مفت ہوں گی۔




## مزید وسائل

- www.schools.nsw.edu.au/gotoschool/enrolment/index.php (انگریزی ویب سائیٹ)
- میرے بچے کو کون پڑھائے گا؟ (*Who's Going to Teach My Child?*) (صرف انگریزی میں) www.schools.nsw.edu.au/media/downloads/schoolsweb/studentsupport/programs/lrngdificulties/whoteach.pdf
- DVD نازک پل (Critical Bridges DVD) (صرف انگریزی میں) www.det.nsw.edu.au/detresources/critbridges_YKSeRaDPnn.pdf
- DVDسکول کا آغاز (Starting School DVD) (یہ وسائل عربی، کینٹونیز، دری، ڈنکا، انگریزی، کورین، مینڈرین اور ویت نامی زبانوں میں دستیاب ہیں۔) کاپی آرڈر کرنے کیلئے 9700 8571 (02) پر Gowrie NSW کو فون کریں۔

**NSW Department of Education and Communities**

**ریجنل آفس کے رابطہ نمبر**
**Regional office contact numbers**

| | |
|---|---|
| Hunter/Central Coast | 4924 9999 |
| Illawarra & South Coast | 4222 2929 |
| New England | 6755 5934 |
| North Coast | 6652 0500 |
| Northern Sydney | 9886 7690 |
| Riverina | 6937 3871 |
| South Western Sydney | 9796 5446 |
| Sydney | 9217 4877 |
| Western NSW | 6841 2110 |
| Western Sydney | 9208 9359 |

## میرے رابطے (My contacts)

پرنسپل کا نام: (Local school:)

مقامی سکول: (Principal name:)

فون: (Phone:)

نوٹس: (Notes:)

ریجنل آفس: (Regional office)

رابطے کیلئے نام: (Contact name)

فون: (Phone:)

نوٹس: (Notes:)

© April 2012
NSW Department of Education and Communities
GPO Box 33
Sydney NSW 2001
Australia
T (02) 9561 8000
www.det.nsw.edu.au

NSW GOVERNMENT | Education & Communities